شذراتِ علمیہ

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری

اقبالیات کے تین سال

اقبالیات ادب و شعر اور افکار اسلامی کا بہت اہم عنوان ہے اور اس کے متخصص ہیں، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی۔ انھوں نے اقبالیات میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی ہے۔ ان کا تحقیقی مقالہ شائع ہو کر اہل علم میں مقبول ہو چکا ہے۔ انھوں نے پچھلے چند برسوں سے ہر تین سال بعد گزشتہ تین برسوں میں شائع ہونے والے اقبالیات میں ادبی کاموں کا جائزہ لینا شروع کیا ہے۔ زیر نظر جائزہ ۱۹۸۷ء تا ۱۹۸۹ء کے برسوں کا ہے۔ یہ محض ایک کتابیاتی کام نہیں اور اس سے صرف یہی نہیں معلوم ہو جاتا کہ اس عرصے کن عنوانات پر کن اہل قلم نے لکھا ہے بلکہ یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ کیا لکھا ہے اور اس کی علمی و تحقیقی حیثیت کیا ہے۔ ڈاکٹر ہاشمی نے ایک کتابیاتی کام کو کتنے خوبصورت انداز میں انجام دیا ہے کہ اہل نظر اور اصحاب قلم کے متنوع افکار اور گوناگوں تحقیقات کا علم بھی ہو جاتا ہے اور ریسرچ اسکالرز کے لیے معلومات اور صحیح رہنمائی کا سر و سامان بھی ہو جاتا ہے۔ اقبالیات میں تین سالہ جائزے کا یہ سلسلہ عام قارئین و شائقین اقبالیات اور ریسرچ اسکالرز دونوں طبقوں کے لیے یکساں مفید ہے۔

مفاہیم اقبال

حضرت علامہ اقبال کا کلام اسکولوں کے ابتدائی درجات سے لے کر یونیورسٹیوں کی اعلیٰ جماعتوں تک نصاب میں شامل ہے۔ بزم اقبال (لاہور) نے مفاہیم اقبال کے عنوان سے یونی ورسٹیوں میں بی۔ اے کے نصاب میں شامل کلام اقبال کی تشریح کی ہے۔ یہ سلسلے کا دوسرا حصہ ہے اور اس میں کراچی اور پشاور کی یونی ورسٹیوں کے نصاب کو پیش کیا گیا ہے اگرچہ اس کتابچے کا مقصد تفہیم